حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: اللہ پاک نے کس مخلوق کو مخدوم المخلوقات بنایا؟

(الف) ملائکہ (ب) جن (ج) انسان (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: "اگر اللہ پاک کوئی رسول نہ بھیجتا تب بھی عاقلوں پر اللہ پاک کی معرفت واجب ہوتی" یہ قول ہے۔

(الف) امام مالک کا (ب) امام اعظم کا (ج) امام شافعی کا (د) امام احمد بن حنبل کا

سوال نمبر 3: وارثین انبیاء علیہم السلام ہیں۔

(الف) صحابہ (ب) علماء (ج) صوفیاء (د) یہ تمام

سوال نمبر 4: "انفرادی واجتماعی زندگی کو اسلامی نظام کے مطابق ڈھالنا اور دنیا وآخرت کی سعادتوں سے بہرہ مند ہونا" یہ علم الدعوۃ کی/کا/کے ۔۔۔ ہے/ہیں۔

(الف) موضوع (ب) تعریف (ج) غرض وغایت (د) ارکان

سوال نمبر 5: "د، ع، و" کا مادہ ہے۔

(الف) قلیل المفہوم (ب) اوسط المفہوم (ج) وسیع المفہوم (د) ترتیب المفہوم

سوال نمبر 6: دعوی کرنے کے معنی میں بطور اسم استعمال ہوتا ہے۔

(الف) الدَعْوَۃُ (ب) الدعویٰ (ج) الدَّاعِیَۃُ (د) الدِّعَایۃُ

سوال نمبر 7: نیکی کی دعوت کے اہداف ہیں۔

(الف) دلوں کی اصلاح (ب) معرفت خداوندی (ج) بیان حق (د) یہ تمام

سوال نمبر 8: "**علم الدعوۃ**" کا دوسرا رکن ہے۔

(الف) داعی و مبلغ (ب) مدعو (ج) مدعوالیہ (د) ان کے علاوہ کوئی اور

سوال نمبر 9: مدعو کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 2 (د) 6

سوال نمبر 10: عقیدہ توحید درحقیقت کتنی شقوں پر مشتمل ہے؟

(الف) 3 (ب) 2 (ج) 4 (د) 1

سوال نمبر 11: "**اصول الدعوۃ والارشاد**" میں انبیائے کرام کی کتنی خصوصیات کو ذکر فرمایا گیا ہے؟

(الف) 20 (ب) 30 (ج) 46 (د) 10

سوال نمبر 12: دعوت نوح علیہ السلام کا اسلوب کتنی چیزوں پر مشتمل ہے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 8

سوال نمبر 13: نبوت کے 13 ویں سال بیعت عقبہ اولی پر کتنے اشخاص نے آپ ﷺ کے دست اقدس پر اسلام قبول کیا؟

(الف) 73 (ب) 72 (ج) 75 (د) 71

سوال نمبر14: نبی اکرم ﷺ نے کتنے سال خفیہ طور پر نیکی کی دعوت دی؟

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر15: تین سال میں دعوت حق کے کتنے مبلغ تیار ہوئے؟

(الف)20 (ب)40 (ج)39 (د)31

سوال نمبر16: مرحلہ ارقمیہ کس دور کو کہا جاتا ہے؟

(الف)خفیہ دعوت (ب)اعلانیہ دعوت (ج)قریبی رشتے داروں کو دعوت (د)یہ تمام

سوال نمبر17: شعب ابی طالب میں کتنے سال محصور رہے؟

(الف)4 (ب)2 (ج)3 (د)5

سوال نمبر18: مدینہ منورہ کے سب سے پہلے معلم و مبلغ کون تھے؟

(الف)حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ (ب)معصب بن عمیر رضی اللہ عنہ (ج)حضرت بشیر رضی اللہ عنہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: معاشرتی مجبوریوں کی وجہ سے دوسروں کا اثر قبول کر لیتے ہیں۔

(الف)سابقین (ب)متبعین (ج)معاندین (د)یہ تمام

سوال نمبر20: بے جاملامت کرنے والوں کی پرواہ نہیں کرتے۔

(الف)متبعین (ب)سابقین (ج)ضعفاء (د)یہ تمام

سوال نمبر21: جس چیز کو عقل وفطرت کے موافق پاتے ہیں قبول کر لیتے ہیں۔

(الف)سابقین (ب)متبعین (ج)ضعفاء (د)یہ تمام

سوال نمبر22: یہ لوگ چمکتے سورج کو سلام کرنے کے قائل ہوتے ہیں۔

(الف)معاندین (ب)غافلین (ج)منتظرین (د)یہ تمام

سوال نمبر23: یہ طبقہ جذبات واحساسات سے بھرپور ہوتا ہے۔

(الف)غافلین (ب)منتظرین (ج)معاندین (د)یہ تمام

سوال نمبر24: یہ لوگ خود کو پابندیوں کے حصار میں لانا پسند نہیں کرتے۔

(الف)سابقین (ب)منتظرین (ج)غافلین (د)ضعفاء

سوال نمبر25: حضرت نوح علیہ السلام نے کتنے سال کی عمر میں اعلان نبوت فرمایا؟

(الف)29 (ب)30 (ج)40 (د)35